


## جناب جسٹس محمود مقبول باجوہ

عہدہ سنبھالنے کی تاریخ :2017-08-10

عہدہ چھوڑنے کی تاریخ :2019-08-09

جناب جسٹس محمود مقبول باجوہ صاحب 27/ستمبر 1954ء کو خانیوال میں پیدا ہوئے۔ آپ نے گورنمنٹ ہائی سکول / کالج، خانیوال سے گریجوایشن تک تعلیم حاصل کی۔ 1975-77 میں آپ نے پنجاب یونیورسٹی لاء کالج، لاہور سے قانون کی ڈگری حاصل کی۔

1979ء میں آپ بطور سول جج منتخب ہوئے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے مقابلے کے امتحان میں آپ نے مجموعی طور پر دوسری پوزیشن حاصل کی۔ 1995ء میں بطور سینئر سول جج ترقی حاصل کی اور 1997ء میں بطور ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ترقی عمل میں آئی۔ آپ نے بطور جج لیبر کورٹ عرصہ چھ ماہ تک خدمات سرانجام دیں۔ بطور جج، انسداد دہشتگردی مئی 1999ء سے اکتوبر 2003ء تک آپ تعینات رہے۔ فروری 2003ء میں بطور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ترقی ہوئی۔ سانحہ ڈونگا بونگا (بہاولنگر) کی تحقیقات کے لئے ایک رکنی ٹریبونل کے طور پر کام کیا۔ آپ نے وزارت قانون میں بطور جوائنٹ سیکرٹری تقریباً دو سال تک خدمات بھی سرانجام دیں۔ آپ نے سولیسٹر آف پاکستان میں بھی خدمات سرانجام دیں۔

جناب جسٹس باجوہ صاحب بطور وزٹنگ فیکلٹی ممبر پاکستان لاء کالج لاہور، سٹی لاء کالج لاہور، مسلم لاء کالج، راولپنڈی، پنجاب لاء کالج راولپنڈی اور فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی، اسلام آباد میں درس و تدریس سے بھی وابستہ رہے۔ پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں بھی وزٹنگ فیکلٹی ممبر کے طور پر تعینات رہے۔

مورخہ 12/مئی 2011ء میں بطور جج، لاہور ہائی کورٹ تعیناتی سے قبل تک بطور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مظفر گڑھ، بہاولنگر، ننکانہ صاحب، گجرات، فیصل آباد اور راولپنڈی میں خدمات سرانجام دیں۔ بطور جج ہائی کورٹ تعیناتی کے دوران آپ عرصہ قریباً ڈیڑھ سال تک پنجاب ماتحت عدلیہ سروس ٹریبونل کے چیئرمین رہے۔ آپ ممبر سینڈیکیٹ، یونیورسٹی آف انجینیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، ٹیکسلا بھی تعینات رہے۔

اپریل 2015ء سے بطور جج، لاہور ہائی کورٹ اپنی ریٹائرمنٹ تک آپ نے بطور انتظامی جج، انسداد دہشتگردی عدالت، پنجاب کے خدمات سرانجام دیں۔

آپ نے اپنے پورے کیریئر میں متعدد سیمینارز اور کانفرنسوں میں شرکت کی۔

مورخہ 26/ستمبر 2016ء کو آپ بطور جج، لاہور ہائی کورٹ ریٹائر ہوئے۔

وفاقی شرعی عدالت میں تعیناتی سے قبل آپ نے بطور چیئرپرسن، پنجاب ماحولیاتی تبدیلی ٹریبونل خدمات سرانجام دیں۔

آپ نے بطور جج، وفاقی شرعی عدالت، مورخہ 10/اگست 2017ء کو اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔